# فتح انڈسٹریز لمیٹڈ

## غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **فتح انڈسٹریز لمیٹڈ** کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام بروز پیر بتاریخ 29 جون 2026ء بوقت 10:00 بجے صبح کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع میرپورخاص روڈ حیدرآباد میں درج ذیل امور کی معاملت کے سلسلے میں منعقد ہوگا۔

1۔ مورخہ 27 اکتوبر 2025ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر 159 کے تحت 28 جون 2026ء سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے بورڈ کی مقرر کردہ تعداد کے مطابق سات ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز میسرز رؤف عالم، آفتاب عالم، سعید عالم، فراز عالم، اشہر عالم، جمال عالم اور مسز سیما رؤف ہیں۔

3۔ صدر نشین کی اجازت سے دیگر کوئی امور۔

| | |
|---|---|
| حیدرآباد | حسب الحکم بورڈ برائے فتح انڈسٹریز لمیٹڈ |
| 4 جون 2026ء | دستخط **غوث محمد خان** کمپنی سیکریٹری |

نوٹ:

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 جون تا 29 جون 2026ء (بشمول دونوں یوم) سات روز کے لئے بند رہیں گی۔

2 - اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کا اہل کمپنی کا کوئی بھی ممبر اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے لئے کسی بھی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ اپنا/اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونے والی پراکسیز موثر سمجھی جائیں گی۔

3۔ ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا اختیار استعمال کر سکتے ہیں۔ ممبران اس بات کو یقینی بنائینگے کہ بیلٹ پیپر دستخط شدہ ہو اور درست طریقے سے بھرا ہوا ہو جسکے ساتھ ممبر کے شناختی کارڈ کی کمپیوٹرائزڈ کاپی بزریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 442 میرپورخاص حیدرآباد پر یا بذریعہ ای میل fswl@fateh1.com پر مورخہ 28 جون 2026 شام 6.00 بجے تک مل جانا چاہئے۔ ممبر کے دستخط اسکے شناختی کارڈ کے مطابق ہونے چاہئیں۔ پوسٹل بیلٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.fatehindustries.com پر میٹنگ سے سات دن پہلے اپ لوڈ کر دیا جائیگا۔

4۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ضابطہ 7Ä کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کے لئے ووٹنگ کے زمرے درج ذیل ہیں۔

**خواتین ڈائریکٹر۔ ایک ڈائریکٹر　　انڈیپنڈینٹ ڈائریکٹر۔ 2 یا بورڈ آف ڈائریکٹر کا 1/3 حصہ　　دیگر۔ بقایا ڈائریکٹر آف دی بورڈ**

5۔ وڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں شرکت کے لئے اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات (یعنی نام، فولیو نمبر، قومی شناختی کارڈ (CNIC)، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس) اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل fswl@fateh1.com پر ای میل کے ذریعے رجسٹر کروائیں۔ ضروری تصدیق کے بعد کمپنی رجسٹرڈ اراکین کو ای میل کے ذریعے ویڈیو لنک فراہم کرے گی۔

6۔ کوئی بھی رکن جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، خواہ وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر، اسے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کے پاس فارم 28 میں بطور ڈائریکٹر انتخاب لڑنے کے اپنے ارادے کا نوٹس جمع کروانا ہوگا، جس کے ساتھ قومی شناختی کارڈ کی کارآمد نقل اور کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعہ 153 کے مطابق بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کا اقرارنامہ بھی منسلک ہونا چاہئے۔

7۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطہ 6(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹر کا اقرارنامہ۔

8۔ **کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت بیان**

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تقاضوں کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں آزاد ڈائریکٹرز کا ہونا ضروری ہے۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا، اور انہیں ایکٹ کی دفعہ 166 (2) میں مقرر کردہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنا ہوگا۔

9۔ سی ڈی سی حصص داران ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کی ہدایات کے مطابق عمل کریں۔